## ایم کیوایم یو کے کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں برطانیہ کے شہر ریڈنگ میں اجتماع منعقد کیا گیا

## اجتماع میں کشمیریوں اور مختلف برادریوں کے افراد کی بڑی تعداد میں شرکت ۔متعدد افراد کی ایم کیوایم میں شمولیت

## اجتماع میں ریڈنگ کے ڈپٹی میئر حاجی گلفراز، مقامی کونسلروں اور پاکستانی کمیونٹی کے عہدیداران نے خصوصی طور پر شرکت کی

## ایم کیوایم پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاسی کلچر کے خاتمہ کی امید بن چکی ہے۔طارق جاوید

لندن۔۔۔19مارچ 2010ء

ایم کیوایم یو کے کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں برطانیہ کے شہر ریڈنگ میں اجتماع منعقد کیا گیا جس میں کشمیریوں سمیت مختلف برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔ایم کیوایم کے اجتماع میں ریڈنگ کے ڈپٹی میئر حاجی گلفراز، مقامی کونسلروں اور پاکستانی کمیونٹی کے عہدیداران نے خصوصی طور پر شرکت کی ۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن طارق جاوید نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاسی کلچر کے خاتمہ کی امید بن چکی ہے۔ پاکستان کے غریب ومحروم اور مڈل کلاس میں اب یہ سوچ تیزی سے پروان چڑھ رہی ہے کہ کئی دہائیوں سے چند خاندانوں کی حکمرانی اور اقتدار کی میوزیکل چیئر کا کھیل ملک کی تباہی اور عوام کی محرومی کا سبب ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے چاروں صوبوں، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کے عوام تیزی سے ایم کیوایم کی طرف راغب ہورہے ہیں اور اب ایم کیوایم پورے ملک کے محروم عوام کی امیدوں کا مرکز بن چکی ہے۔اجتماع سے اپنے خطاب میں ریڈنگ کے ڈپٹی میئر حاجی گلفراز نے اپنے شہر میں ایم کیوایم کو خوش آمدید کہا اور برطانیہ میں آباد پاکستانی کمیونٹی کے درمیان اتحاد کیلئے ایم کیوایم کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔اس موقع پر ریڈنگ کی پاکستان کونسل کے ارکان ڈاکٹر خالد باجوہ، ڈاکٹر اعجاز، میاں سلیم، حاجی نذیر، افتخار احمد، کونسلر وزیر حسین، ایم کیوایم یو کے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان سہیل خانزادہ، وزارت علی اور ہاشم خان نے بھی خطاب کیا۔مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم نے ملک کی سیاست میں جس طرح غریب اور مڈل کلاس کو ایوانوں میں نمائندگی دی ہے اور موروثی نظام سیاست میں دراڑیں ڈالی ہیں وہ ایک مثال ہے۔انہوں نے ریڈنگ میں آباد پاکستانی کمیونٹی سے اپیل کی کہ وہ ملک میں غریب اور مڈل کلاس کی حکمرانی کیلئے ایم کیوایم کے ہاتھ مضبوط کریں۔اس موقع پر کئی لوگوں نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا اور ایم کیوایم کی رکنیت کے فارم حاصل کئے ۔

## ایم کیوایم کو مکمل اقتدار ملے تو وہ ملک وقوم کو مسائل سے باہر نکال سکتی ہے اور ترقی وخوشحالی کی نئی اور روشن سمت متعین کرسکتی ہے

## حق پرست بلدیاتی نمائندوں کی تقلید تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کو کرنی چاہئے

## حق پرستی کے مشن ومقصد اور نظریئے کے حصول تک اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے

## ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس پر نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں موصول ہونے والے تہنیتی پیغامات میں اظہار خیال

کراچی۔۔۔19، مارچ2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کو ایم کیوایم کے 26یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کی ہے اور اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ حق پرستی کے مشن، مقصد اور نظریئے کے حصول تک اپنی پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ٹیلی فون، فیکس اور ای میل کے ذریعے ایم کیوایم کے 26ویں یوم تاسیس پر پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک سے لوگوں نے بڑی تعداد میں تہنیتی پیغامات ارسال کئے جن میں دانشور، ڈاکٹرز، انجینئرز، پروفیسرز، شعراء، علماء، اساتذہ، تاجر، صنعتکار، وکلاء، صحافی، طلباء اور دنیا بھر میں موجود ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان شامل ہیں۔اپنے تہنیتی پیغامات میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں ایم کیوایم واحد جماعت ہے جو ملک میں جمہوریت کے فروغ اور فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے اور یہی جدوجہد ملک بھر کے غریب عوام کی آواز ہے۔انہوں نے کہا کہ 98فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام اب ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے منفی پروپیگنڈوں سے آگاہ ہوچکے ہیں اور اصل حقیقت جان چکے ہیں کہ 2فیصد استحصالی طبقے نے اپنی چودھراہٹ ختم ہونے سے خوف سے ملک بھر بالخصوص پنجاب کے عوام کو ایم کیوایم سے گمراہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے حق پرست بلدیاتی نمائندوں نے اپنے 4سالہ دور میں جو کارہائے نمایاں انجام دیئے ہیں ان کی تقلید تمام سیاسی ومذہبی رہنماؤں کو بھی کرنی چاہئے اور اپنے اپنے حلقہ انتخابات کے عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کرنے چاہئے۔انہوں نے کہا کہ حق پرست بلدیاتی نمائندوں نے اپنے عملی کاموں سے ثابت کردیا ہے کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ویژن پر عمل پیرا رہے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج حق پرست بلدیاتی نمائندے تمام تر پروپیگنڈوں کے باوجود بھی سرخرو ہیں۔انہوں نے

کہا کہ ایم کیوایم کو قائم ہوئے 26 برس گزر چکے ہیں اور ایم کیوایم کی جدوجہد یہ ثابت کرتی ہے کہ اگر اسے اقتدار میں مکمل حصہ دیا جائے تو وہ ملک وقوم کو درپیش سنگین مسائل سے باہر نکال سکتی ہے اور ترقی وخوشحالی کی نئی اور روشن راہیں متعین کرسکتی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغامات میں انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## جناب الطاف حسین کی منہ بولی ماں اور رکن قومی اسمبلی کشور زہرا کی والدہ محترمہ آل فاطمہ کا چہلم 21 مارچ کو مسجد وامام بارگاہ رضویہ سوسائٹی ناظم آباد ہوگا

کراچی۔۔۔19، مارچ 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی ماں اور ایم کیوایم شعبہ خواتین کی انچارج وحق پرست رکن قومی اسمبلی کشور زہرا کی والدہ محترمہ آلِ فاطمہ کا چہلم 21 مارچ بروز اتوار کو مسجد وامام بارگاہ رضویہ سوسائٹی ناظم آباد میں سہ پہر 3 بجے ہوگا۔ چہلم کے سلسلے میں قرآن خوانی ومجلس منعقد ہوگی، سوزخوانی کی جائے گی اور سلام پڑھا جائے گا جبکہ معروف عالم دین علامہ طالب جوہری چہلم کے اجتماع کے شرکاء سے خطاب فرمائیں گے۔

☆☆☆☆☆